روانہ کر چکے ہیں۔وہ فن کے مظاہرے میں بھی دلچسپی رکھتے ہیں۔خصوصاً بالی کی طرح سیاحتی مراکز میں ہوٹلوں اور کلبوں میں ثقافتی طائفوں کے ذریعے لسے عوام تک رسائی کا ذریعہ بنانا چاہتے ہیں۔
(رپورٹ۔ چیلنج ویکلی، نیوزی لینڈ)

۴

ملائیشیا

کیتھولک شریعت کی مخالفت کریں۔ بشپوں کی ہدایت

ملائیشیا کے بشپوں نے کیتھولکوں سے کہا ہے کہ کوالالمپور کی حکومت کی طرف سے اسلامی قانون یا شریعت کے نفاذ کے خلاف غیر مسلم گروہوں کے احتجاج کا ساتھ دیں۔انہوں نے کیتھولکوں پر زور دیا کہ وہ بدھ مت۔عیسائیت۔ہندومت اور سکھ مت کی مشاورتی کونسل کی طرف سے ملک میں کی جانے والی مذہبی آزادی کی کوششوں کی حمایت کریں۔ بشپ نے کہا کہ کونسل "شریعت کے نفاذ کی مخالفت کے علاوہ ملائیشیا میں مختلف عقائد کے ماننے والوں کے درمیان امن اور مفاہمت کے لیے بھی کام کر رہی ہے"۔

ملائیشیا کی ریاستی مجلس قانون ساز نے گذشتہ سال جولائی میں اسلامی قانون متعارف کرایا جس سے غیر مسلم مذہبی راہنماؤں میں خوف کی لہر دوڑ گئی۔ انہیں ڈر ہے کہ انہیں اپنے مذہب کی بجائے ایک اور مذہب کی بنیاد پر قائم نظام کی اطاعت پر مجبور کیا جائے گا۔ اس بے چینی کو دور کرنے کی کوشش میں وزیراعظم مہاتیر محمد نے اپنے 13 جنوری کے بیان میں کہا کہ حکومت غیر مسلموں کو ان کے مذہبی عقائد سے محروم کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتی۔

قانون اپنی موجودہ پوزیشن میں نوجوانوں کو والدین کی اجازت کے بغیر خفیہ طور پر اسلام قبول کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ ملائیشیا کی مذہبی اقلیتوں کے راہنماؤں کا دعوی ہے کہ یہ قانون ملکی آئین کے منافی ہے اور غیر مسلم خاندانوں کے لیے رنج اور تکلیف کا باعث ہے۔ جبکہ اسلامی گروہوں کا خیال ہے کہ اقلیتیں شریعت سے خوف زدہ نہ ہوں یہ تمام مذاہب کے پیروکاروں کو برابر کا تحفظ مہیا کرے گی۔ (رپورٹ۔ کیتھولک ہیرالڈ)